# 16 کھیل کھیل میں




گلی میں سبھی بچے اسٹاپو کھیل رہے تھے۔ اونتیکا بھی اپنی بہن نندیتا کے ساتھ وہیں کھیل رہی تھی۔ لیکن نندیتا کو ٹھیک سے کھیلنا نہیں آرہا تھا۔

اونتیکا : ارے نندتا سنو! ٹھیک سے سمجھ لو۔ ٹھپّی کو پہلے خانے میں ڈالو۔ پھر سبھی خانوں میں ایک پیر سے چھلانگ لگاؤ۔ لکیر پر پیر رکھو گی تو کھیل سے باہر۔ آخری خانے میں اُچھل کر واپس گھومو، واپسی پر ٹھپّی ضرور اُٹھا کر لانا۔ یاد رہے 4-3 اور 8-7 خانے میں ہی دونوں پاؤں رکھ سکتے ہیں۔ اب، دوسرے خانے میں ٹھپّی ڈالو۔ اسی طرح سب ہی خانوں میں باری باری ٹھپّی ڈال کر کھیلو۔

---

سبق میں کچھ مقامی کھیل جیسے اسٹاپو، پٹھّو، اشٹا چنگا پے وغیرہ اور ان کے کھیلنے میں استعمال کی گئی چیزیں مثلاً ٹھپّی کے ناموں کا ذکر ہے۔ بچوں سے ان کے مقامی ناموں پر گفتگو کروائی جا سکتی ہے۔

بچے پھر سے کھیل میں لگ گئے۔ چاچی بہت دیر سے اُنھیں کھیلتا دیکھ رہی تھیں، اُن کا بھی کھیلنے کو دل چاہنے لگا۔ جب اُن سے رہا نہیں گیا تو وہ بولیں، بچوں! میں بھی تمہارے ساتھ اسٹاپو کھیلوں؟

یہ سن کر سب بچے ہنسنے لگے۔

اونتکا : چاچی، آپ کھیلیں گی؟

چاچی : تم سوچتی ہو، مجھے اسٹاپو کھیلنا نہیں آتا؟ ارے تمہاری عمر میں تو ہم کتنے ہی کھیل کھیلتے تھے۔

نندیتا : کون کون سے کھیل، چاچی؟

چاچی : ایک ٹانگ سے دوڑنا، آنکھ مچولی، اُونچ مانگی نیچ، گٹّے اور نہ جانے کیا کیا! اور کبڈّی میں تو ہماری ٹیم دس گاؤں میں سب سے آگے تھی۔

رجت : چاچی، ہمیں تو کھیلنے کے لئے وقت نہیں ملتا، آپ کو کھیلنے کا اتنا وقت کہاں سے ملتا تھا؟

چاچی : تمہیں ٹی وی دیکھنے سے فرصت ملے، تب نا!

نندیتا : چاچی کیا چاچا بھی یہ سب کھیل کھیلتے تھے؟

چاچی : پوچھو مت! تمہارے چاچا بتاتے ہیں کہ وہ سارے دن گلّی ڈنڈا، کنچے، لنگڑی ٹانگ، پٹھّو اور نہ جانے کیا کیا کھیلتے رہتے تھے۔ پتنگ کے چکر میں کھانا تک بھول جاتے تھے۔

نندیتا : آؤ! کھیلو نا۔

چاچی بچوں کے ساتھ کھیلنے لگی۔ ابھی کچھ ہی دیر کھیلے تھے کہ بارش ہوگئی۔

سب بچے : اُف ہو!

چاچی : چلو، ہمارے گھر چلو، اندر چل کر کھیلتے ہیں۔

© NCERT not to be republished



یہ سن کر سب بچے خوش ہو گئے۔

سب بچے: چلو، چلو، چچی کے گھر چل کر کھیلتے ہیں۔

سب بچے چچی کے گھر آ گئے۔ اندر چاچا اور پھوپھی شطرنج کھیل رہے تھے۔

اونتیکا : چچی کیا کھیلیں؟

رجت : گھر گھر کھیلتے ہیں۔

کئی بچے : ہاں، ہاں، گھر گھر کھیلتے ہیں۔

رجت : اگر گڑیا ہوتی تو ہم گڑیا سے کھیلتے۔

چچی : گڑیا چاہیے، ابھی بنا لیتے ہیں گڑیا۔

چچی نے ایک پرانا کپڑا لیا اور بچوں نے چاچی کی مدد سے گڑیا بنالی۔

کچھ بچے گٹّے کھیلنا چاہتے تھے اور کچھ لنگڑی ٹانگ۔ سب اپنے اپنے گروہ بنا کر کھیلنے لگے۔

© NCERT not to be republished

سبق میں جن جن کھیلوں کے نام آئے ہیں، ان کے نام فہرست میں لکھو۔
ان میں سے جو کھیل گھر کے اندر کھیلے جاتے ہیں ان کے سامنے بناؤ۔
گھر کے باہر کھیلے جانے والے کھیل کے سامنے بناؤ۔ کھیل کے کھیلنے میں اگر کچھ چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے تو ان کے نام بھی لکھو۔

| سبق میں آئے کھیلوں کے نام | / | کتنے کھلاڑی | کسی چیز کی ضرورت |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |

فہرست مکمل کرنے میں کچھ بچوں کی مدد کی ضرورت ہوسکتی ہے۔ بچوں کو ایک دوسرے کی مدد کرنے کا موقعہ فراہم کریں۔ ایک دوسرے سے آسانی سے بچے بہت کچھ سیکھ لیتے ہیں۔

© NCERT not to be republished

استاپو سے ملتا جلتا کوئی کھیل واضح کیجئے۔ اس کھیل کا کیا نام ہے؟ کھیل کے کھیلنے کے لئے زمین پر جو شکل بناتے ہو اس کی نقل بناؤ۔

* تم خاندان میں کس کے ساتھ کیا کھیل کھیلتے ہو؟

| خاندان کا فرد | کھیل کا نام |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

© NCERT not to be republished

* کیا تم اپنے علاقے کے کسی مشہور کھلاڑی کا نام جانتے ہو؟ اگر ہاں تو ان کا نام اور یہ لکھو کہ وہ کس کھیل سے جڑے ہیں؟

* تم گیند سے کھیلے جانے والے کتنے کھیل جانتے ہو؟ نیچے بنی گیند میں اُن کی فہرست بناؤ۔

* کیا تم نے ثانیہ مرزا کا نام سنا ہے؟ وہ بھی گیند سے ہی ایک کھیل کھیلتی ہے۔ معلوم کرو اور بتاؤ کون سا؟

* تمھیں کون سا کھیل سب سے زیادہ پسند ہے؟




اپنے گھر یا آس پاس کے کسی بڑے سے **معلوم کرو**۔
جب وہ چھوٹے بچے تھے تب وہ کیا کیا کھیل کھیلتے تھے؟

مقامی مشہور کھلاڑیوں کے بارے میں معلومات جمع کروائیں جو بچوں کو کھیلوں کے بارے میں علم میں اضافہ اور کھلاڑیوں کے تیئں احترام کو فروغ دیں گے۔

© NCERT not to be republished

پہیلی کو تصویر سے جوڑو اور کھیل کا نام لکھو۔



رنگ برنگی کانچ کی گولی
سادھ نشانہ جیتی بھولی

_______________

سانپ کاٹے تو نیچے آؤں
سیڑھی ملے تو جھٹ چڑھ جاؤں

_______________

باندھ گلے میں سوت
بن پنکھ میں اُڑ جاؤں


_______________

بیگم، بادشاہ، اکّا، غلام
باون پتوں کے کھیل کا نام

_______________

لگا لو تم چو کے چھکّے
بنا لو گے سو رن پکّے

_______________



راجہ، رانی، وزیر، سپاہی
سب کی آپس میں ہوئی لڑائی


_______________

بچوں نے کئی کھیل کھیلے ہوں گے، کئی دیکھے بھی ہوں گے، کچھ کے بارے میں سنا ہوگا، پڑھا ہوگا یا فلموں، ڈراموں میں دیکھا ہوگا۔ ان سبھی کو گفتگو میں شامل کیا جاسکتا ہے۔

کھیلنے کے علاوہ تم کیا کیا کرتے ہو؟

تمہارے خاندان کے لوگ مندرجہ ذیل تصویروں میں سے جو کچھ کرتے ہیں ان میں رنگ بھرو۔ خالی چھوڑی ہوئی جگہ میں کچھ اور بھی جو وہ سب کرتے ہیں، اس کی تصویر بناؤ اور لکھو۔



پڑھنا


سلائی کڑھائی کرنا


ناچنا


گپ شپ کرنا


پیڑ پودوں کی دیکھ بھال


ڈاک ٹکٹ اکٹھے کرنا

© NCERT not to be republished